02 جنوری 2013ء

اسٹیٹ بینک سہ ماہی بنیادوں پر بینک وائز انٹرسٹ ریٹ کوریڈور کی سرگرمیاں شائع کرے گا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اپنی ویب سائٹ پر ایک اور رپورٹ شائع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کا نام ''اوور نائٹ ریپو ریورس ریپو سہولتوں تک رسائی کا سہ ماہی بنیاد پر بینک وائز جائزہ'' ("Bank-Wise Access to Overnight Repo/Reverse Repo Facilities on Quarterly Basis") ہوگا۔ اس رپورٹ سے مارکیٹ کو اس بات کا علم ہو سکے گا کہ گذشتہ سہ ماہی کے دوران اداروں نے اسٹیٹ بینک کے انٹرسٹ ریٹ کوریڈور سے انفرادی طور پر کتنی بار رجوع کیا۔

بینکوں کو پہلے ہی ریزرو مینٹی ننس (reserves maintenance) کی مدت میں دو ہفتے کے اضافے اور روزانہ کم سے کم کیش ریزرو ریکوائرمنٹ (CRR) میں کمی کے بعد اسے 3.0 فیصد کی سہولت دی جا چکی ہے۔ چنانچہ اسٹیٹ بینک کو اعتماد ہے کہ ان اعداد و شمار کی اشاعت سے شفافیت کو ترویج ملے گی اور بینکوں/ڈی ایف آئیز کی حوصلہ افزائی ہوگی کہ وہ اپنی لکویڈیٹی مینجمنٹ کے طور طریقے بہتر بنائیں اور انٹرسٹ ریٹ کوریڈور کو ہموار خطوط پر چلائیں۔

یہ اعداد و شمار اس ویب لنک پر دستیاب ہیں: http://www.sbp.org.pk/ecodata/Bank-IRC-Activity.pdf

واضح رہے کہ اسٹیٹ بینک کا ڈومیسٹک مارکیٹس اینڈ مانیٹری مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ (DMMD) اسٹیٹ بینک کی ویب سائٹ پر بینکوں کے پاس مطلوبہ سی آر آر سے زائد ایکسس کیش ریزرو کے بارے میں ہر ہفتہ بینک وائز رپورٹیں شائع کرتا ہے۔ ان رپورٹس کی اشاعت کا مقصد بینکوں کے بازار زر کے سودوں (money market operations) کی کارگزاری کو مزید بہتر بنانا اور بینکوں/ڈی ایف آئیز کے اپنے لکویڈیٹی کے انتظام میں بہتری لانا تھا، جس کے اسٹیٹ بینک کے مانیٹری آپریشنز پر اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ان رپورٹس کے علاوہ، ڈی ایم ایم ڈی بھی اداروں کی جانب سے روزمرہ بنیادوں پر ایس بی پی ریپو ریورس ریپو سہولتوں تک جامع رسائی کے اعداد و شمار فراہم کرتا ہے تاکہ اسٹیٹ بینک کے بازار زر کے سودوں میں شفافیت کو برقرار رکھا جا سکے۔

☆☆☆